★ حق کی آواز، عوامی ترجمان ★

E PAPER DAILY VOICE OF ASIA LAHORE

روزنامہ

وائس آف ایشیا

بانی: محمد جمیل بھٹی (مرحوم)

چیف ایڈیٹر ذیشان جمیل بھٹی

چیف ایگزیکٹو: محمد طفیل ٹیپو

ڈپٹی ایڈیٹر تجمل عباس بھٹی

ڈپٹی نیوز ایڈیٹر ارشاد احمد شاد

جلد نمبر 01 | سوموار 02 نومبر 2026ء، 19 کاتک، 21 جمادی الاول 1448ء، صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 236

ایران امریکا کشیدگی پٹرول کی قیمتوں کے تعین کا طریقہ کار تبدیل نیا فارمولا جاری

پیٹرول کی درآمدی قیمت کا تعین پی ایس او کے اصل درآمدی کارگو کی لاگت پر ہوگا جبکہ اصل درآمدی لاگت دستیاب نہ ہونے پر آخری کارگو کا پریمیم اور اضافی اخراجات استعمال کرنے کی اجازت ہوگی

آئل ریفائنریز آئندہ 30 روز تک پیٹرول کی ایکس ریفائنری قیمت 7 مارچ 2026 کی سطح پر مقرر کرسکیں گی۔ ریفائنریز کو پریمیم، اضافی اخراجات اور کسٹمز ڈیوٹی 7 مارچ 2026 کی سطح پر رکھنے کی اجازت ہوگی

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) ایران امریکا کشیدگی کے تناظر میں پیٹرول کی قیمتوں کے تعین کا طریقہ کار تبدیل کردیا گیا، نئے طریقہ کار کا اطلاق آئندہ 30 روز کے لیے ہوگا۔ ذرائع کے مطابق کابینہ کی منظوری کے بعد پیٹرولیم ڈویژن نے ریفائنریز کو نیا فارمولا جاری کر دیا۔ پیٹرول کی درآمدی قیمت کا تعین پی ایس او کے اصل درآمدی کارگو کی لاگت پر ہوگا جبکہ اصل درآمدی لاگت دستیاب نہ ہونے پر آخری کارگو کا پریمیم اور اضافی اخراجات استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ آئل ریفائنریز آئندہ 30 روز تک پیٹرول کی ایکس ریفائنری قیمت 7 مارچ 2026 کی سطح پر مقرر کرسکیں گی۔ ریفائنریز کو پریمیم، اضافی اخراجات اور کسٹمز ڈیوٹی 7 مارچ 2026 کی سطح پر رکھنے کی اجازت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق درآمدی قیمت اور ایکس ریفائنری قیمت کا فرق ریفائنریز کو پیٹرولیم لیوی کی مد میں جمع کرانا ہوگا۔ پیٹرولیم لیوی میں ردوبدل کا فائدہ صرف پیٹرول صارفین کو منتقل کیا جائے گا، پیٹرولیم لیوی میں حاصل ہونے والا فائدہ پیٹرول کی قیمت میں کمی کی صورت میں صارفین کو ملے گا۔ پیٹرولیم ڈویژن نے تمام آئل ریفائنریز کو

باقی صفحہ 3 بقیہ 17

پی آئی اے کا پہلا جدید بوئنگ ڈریم لائنر طیارہ پاکستان پہنچ گیا

طیارہ جدید ٹیکنالوجی بشمول ان فلائٹ انٹرٹینمنٹ سے لیس اور کشادہ و آرام دہ کیبن کی خصوصیات کا حامل ہے



اسلام آباد: (وائس آف ایشیا) پی آئی اے کا پہلا حاصل کردہ جدید ترین ڈریم لائنر ... بوئنگ 9-787 ڈریم لائنر طیارہ پاکستان پہنچ گیا۔ لیز پر

باقی صفحہ 3 بقیہ 16

موثر تفتیش، اشتہاریوں کی گرفتاری، بروقت چالان انصاف کا پہلا تقاضا ہے، آئی جی پنجاب

آئی جی پنجاب عبدالکریم کی زیرصدارت انوسٹی گیشن امور بارے اجلاس، خواتین اور بچوں کے ساتھ زیادتی وتشدد کے کیسز میں بروقت انصاف کی فراہمی ہماری ریڈ لائن ہے، آئی جی پنجاب عبدالکریم

2024 سے اب تک کے چالانوں اور اشتہاری ملزمان کا ریجن وائز ڈیٹا 15 نومبر تک پی آر ایم ایس پر اپ ڈیٹ کرنے کی ہدایت، سنگین جرائم کے کیسز کی تفتیش، چالاننگ اور پراسیکیوشن کے عمل کو مزید موثر بنایا جائے، آئی جی پنجاب

لاہور (سینئر کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کی زیرصدارت انوسٹی گیشن امور اور سنگین جرائم کے کیسز کی تفتیش و پراسیکیوشن سے متعلق اجلاس سنٹرل پولیس آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں خواتین اور بچوں کے ساتھ زیادتی وتشدد، قتل اور اغوا سمیت سنگین جرائم کے کیسز کی تفتیش، چالاننگ اور پراسیکیوشن کے عمل میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے محفوظ پنجاب ویژن کے تحت خواتین اور بچوں کے ساتھ زیادتی وتشدد کے کیسز میں بروقت انصاف کی فراہمی ہماری ریڈ لائن ہے۔ پولیس افسران خواتین اور بچوں کے خلاف جرائم کے کیسز کی بروقت یکسوئی پر خصوصی توجہ دیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ قتل اور اغوا سمیت سنگین جرائم کے کیسز کی بروقت یکسوئی یقینی بنائی جائے۔ تمام ڈی پی اوز 2024 سے اب تک کے چالانوں اور اشتہاری ملزمان کا ریجن وائز ڈیٹا 15 نومبر تک پی آر ایم ایس پر اپ ڈیٹ کروائیں۔ متعلقہ ایس

باقی صفحہ 3 بقیہ 18

ادویات ساز 50 کمپنیوں نے قیمتوں میں 2 ہزار فیصد اضافہ کر دیا، وفاقی وزیر صحت

کراچی کی بزنس کمیونٹی کی مجبوری ہے وہ سندھ حکومت پر تنقید نہیں کر سکتی، انتظامی یونٹس پر بات بہت آگے بڑھ چکی

کینسر کی دوا کی قیمت نہیں بڑھی تو وہ مارکیٹ سے غائب ہوچکی، دواؤں کی قیمتوں میں اضافہ کا جائزہ کمیٹی لے گی، گفتگو

کراچی (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ دوائیاں بنانے والی 50 کمپنیوں نے 2 ہزار فیصد قیمتوں میں اضافہ کر دیا ہے، تھرڈ پارٹی آڈٹ میں دوائیوں کی قیمتوں میں اضافہ سامنے آیا ہے، 2022 کے بعد کمپنیوں کو نان اسینشل ادویات کی قیمتوں میں اضافے کی اجازت دی، بہت سی کمپنیوں نے اس کا فائدہ اٹھایا، ان تمام کو شوکاز نوٹس جاری کر دیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کی بزنس کمیونٹی کی مجبوری ہے کہ وہ سندھ حکومت کی تنقید نہیں کرسکتی، ان کو ڈر ہے جو کام ہو رہا ہے وہ بھی نہ رک جائے، مسلم لیگ نون بھی راضی ہے، ان کی خاموشی کو رضا مندی سمجھیں، ملک کے مسئلے کا حل اور ریاست کی سوچ اب الائن ہوچکی، نئے انتظامی یونٹس پر بات بہت آگے بڑھ چکی، متعلقہ حلقوں میں سنجیدگی سے دیکھا جا رہا ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ سنجیدہ معاملہ ہے اور بہت سنجیدہ گفتگو ہورہی ہے کوئی کسی کو پیچھے نہیں لگا رہا، یہ کام بہت پہلے ہوجانا چاہیے تھا، ہم جتنی دیر لگائیں گے اتنی پریشانی ہوگی، ایسا نہیں ہے کہ کسی کو ٹرک کی بتی کے پیچھے لگایا جا رہا ہے، بعض لوگوں کی تنگی سے اندازہ لگائیں کہ ان کو انتظامی یونٹس سے کتنی تکلیف ہو رہی ہے، سب کو پتہ ہے کہ ملک میں یہ ہونے جا رہا ہے۔ وزیر صحت کا کہنا تھا کہ کراچی میں ناردرن بائی پاس

باقی صفحہ 3 بقیہ 9

بھارتی رویہ دنیا کے سامنے، سندھ طاس معاہدہ پر قانونی جنگ جاری رکھیں گے، اٹارنی جنرل

سندھ طاس معاہدہ کے مطابق کوئی بھی ملک یکطرفہ طور پر معاہدے سے انحراف یا اس میں تبدیلی نہیں کرسکتا

بھارت کے رویہ پر پاکستان کو شدید تحفظات، پانی کا مسئلہ صرف زراعت تک محدود نہیں، منصور اعوان کا خطاب

لاہور (کورٹ رپورٹر) اٹارنی جنرل آف پاکستان منصور اعوان نے کہا ہے کہ پاکستان بھارت کے ساتھ سندھ طاس معاہدے کے معاملے پر قانونی جنگ جاری رکھے گا اور بھارت کو قانونی طور پر معاہدے کی پاسداری کرنے کا پابند بنانے کی کوشش کرے گا۔ لاہور میں انڈس واٹرز ٹریٹی اینڈ نیشنل سیکیورٹی کے موضوع پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے اٹارنی جنرل منصور اعوان نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان پانی کی تقسیم کے معاملے پر سندھ طاس معاہدہ طے پایا تھا، جس کا ایک اہم پہلو یہ تھا کہ کوئی بھی ملک یکطرفہ طور پر معاہدے سے انحراف یا اس میں تبدیلی نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے پر بھارت کا موجودہ رویہ پوری دنیا کے سامنے ہے اور پاکستان کو اس حوالے سے شدید تحفظات ہیں، موجودہ عالمی تناظر میں پاکستان کی جانب سے امن کے لیے کی جانے والی کوششیں بھی دنیا کے سامنے ہیں۔ اٹارنی جنرل کا کہنا تھا کہ پاکستان سندھ طاس معاہدے کے تحفظ اور اس پر عمل درآمد کے لیے قانونی راستہ اختیار کرتا رہے گا اور بھارت کو معاہدے کی پاسداری کا پابند بنانے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ منصور اعوان نے کہا کہ پاکستان اپنی زراعت کے لیے تقریباً 90 فیصد پانی آبپاشی کے نظام کے ذریعے

باقی صفحہ 3 بقیہ 11

پہلے صدارت کا لالچ دیا گیا، پھر ریاست میں مولانا کو حصہ نہ دے کر زیادتی کی گئی، طاہر اشرفی

حکمران اکاؤنٹ سیٹ، وزارت کے برابر کمیٹی بنائیں، انہیں اس کا چیئرمین بنادیں، انہیں جہاز استعمال کرنے کی اجازت دیدیں



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان علما کونسل طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ حکمرانوں کو چاہیے کہ مولانا فضل الرحمان کا فون سنیں، ایسی کمیٹی بنائیں جو وزارت کے برابر ہو، انہیں اس کا چیئرمین بنادیں، انہیں جہاز استعمال کرنے کی اجازت دے دیں، ریاست میں مولانا کو کچھ حصہ نہ دے کر زیادتی کی گئی، مولانا کو پہلے

باقی صفحہ 3 بقیہ 8

عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہوتے ہی عوام کو ریلیف دیں گے، وزیر پٹرولیم

ایران امریکا کشیدگی سے عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں متاثر ہوئیں، علی پرویز ملک



اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے موسم سرما میں توانائی کے غیر ضروری استعمال سے گریز اور بچت کو فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ توانائی کے استعمال میں معمولی احتیاط بھی قیمتی زرمبادلہ کی بچت کا ذریعہ بن سکتی ہے، ایران امریکا کشیدگی سے عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں

باقی صفحہ 3 بقیہ 15

وزیراعلیٰ پنجاب نے 3 سال تک مجموعی طور پر 10 لاکھ نوجوانوں کی اسکل ڈویلپمنٹ کا ہدف مقرر کر دیا

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرصدارت خصوصی اجلاس میں اسکل ڈویلپمنٹ پراجیکٹس پر تفصیلی بریفنگ دی گئی

پنجاب کے ٹیکنیکل کالج سے تربیت یافتہ الیکٹریشن کا اعزاز، 48 ورلڈ سکل شنگھائی مقابلوں میں چوتھی پوزیشن حاصل کر لی

لاہور (وائس آف ایشیا) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرصدارت خصوصی اجلاس میں اسکل ڈویلپمنٹ پراجیکٹس پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اگلے تین سال تک مجموعی طور پر 10 لاکھ نوجوانوں کی اسکل ڈویلپمنٹ کا ہدف مقرر کر دیا۔ ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پنجاب میں پہلا ماڈرنائزڈ ورکنگ سنٹر آف ایکسی لینس قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا، ٹیکنیکل ٹریننگ، امتحانات کی ڈیجیٹلائزیشن، آن لائن رجسٹریشن پورٹل، ڈیجیٹل امتحانی پرچے اور کیو آر کوڈ بھی ہوگا۔ ڈیجیٹل ایگزامینیشن سسٹم سے دو لاکھ سے چھ لاکھ امیدوار امتحانات دے

باقی صفحہ 3 بقیہ 7

ضرورت پڑی تو ایران کی جوہری تنصیبات پر 10 منٹ میں حملہ کرسکتے ہیں، ٹرمپ

تہران معاہدہ کرنے کے بعد اپنے وعدوں سے پیچھے ہٹ جاتا ہے، امریکی صدر



امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی ایک یا دو جوہری تنصیبات اب بھی امریکی کارروائی کی زد میں آنے سے باقی ہیں اور ضرورت پڑنے پر انہیں صرف 10 منٹ میں نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ جاری مذاکرات پر

باقی صفحہ 3 بقیہ 10

وزیراعظم کا پاکستان کو جی 24 کی چیئرمین شپ ملنے پر اظہار مسرت، اہم سفارتی سنگِ میل قرار دیدیا

وزیراعظم نے وزیر خزانہ اور وزارتِ خزانہ کی ٹیم کی محنت، موثر سفارت کاری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کیا

شہباز شریف نے پاکستان کو بین الحکومتی گروپ آف ٹوئنٹی فور (G-24) کی چیئرمین شپ ملنے پر دلی مسرت کا اظہار

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کو بین الحکومتی گروپ آف ٹوئنٹی فور (G-24) کی چیئرمین شپ ملنے پر اظہار مسرت کیا اور اسے عالمی اقتصادی منظرنامے پر پاکستان کے موثر کردار کے اعتراف کا اہم سفارتی سنگ میل قرار دیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان کو بین الحکومتی گروپ آف ٹوئنٹی فور (G-24) کی چیئرمین شپ ملنے پر دلی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے اسے ایک اہم سفارتی سنگ میل قرار دیا ہے، جو عالمی اقتصادی امور میں پاکستان کے موثر کردار اور آواز کو مزید تقویت دے گا۔ وزیراعظم نے وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور وزارت خزانہ کی پوری ٹیم

باقی صفحہ 3 بقیہ 14

ایل پی جی قیمتوں میں مزید اضافے کا خدشہ، ایسوسی ایشن کا 16 نومبر سے فروخت بند کرنے کا اعلان

حکومت کے نئے قیمتوں کے تعین سے متعلق طریقہ کار کے خلاف مشترکہ طور پر ہڑتال کا فیصلہ کیا گیا، سینئر وائس چیئرمین

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) حکومت کی جانب سے ایل پی جی کی قیمتوں کے تعین کے لیے نیا فارمولا متعارف کرانے کے خلاف ایل پی جی ایسوسی ایشن نے ملک گیر ہڑتال کا اعلان کر دیا ہے۔ ایسوسی ایشن کے اعلان کے مطابق ہڑتال کا آغاز 16 نومبر سے ہوگا اور

باقی صفحہ 3 بقیہ 5

خیبرپختونخوا حکومت کا غیر قانونی افغان باشندوں کیخلاف کارروائی جاری رکھنے کا اعلان

پشاور (نمائندہ خصوصی) خیبر پختونخوا حکومت

باقی صفحہ 3 بقیہ 6

وزیراعظم صاحب! وہ دودھ اور شہد کی نہریں کہاں ہیں جو آپ کو کے پی میں بہانی تھیں؟ شوکت یوسف زئی

پشاور (نمائندہ خصوصی) سیکریٹری اطلاعات پی

باقی صفحہ 3 بقیہ 12

گیس بحران میں اضافہ؛ نئے گھریلو کنکشن پر پابندی غیر معینہ مدت تک بڑھا دی گئی

ہزاروں افراد فوری کنکشن کے لیے اضافی فیس ادا کرنے کے باوجود انتظار میں ہیں

کراچی (بیورو چیف) ملک میں گیس کی بڑھتی ہوئی قلت کے باعث نئے کنکشن حاصل کرنے کے منتظر صارفین کی مشکلات مزید بڑھ گئی ہیں۔ سوئی گیس کمپنی نے گھریلو گیس کنکشنز کی فراہمی پر عائد پابندی ختم کرنے کے بجائے اسے غیر معینہ مدت تک برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا

باقی صفحہ 3 بقیہ 13

LPG کی قیمت میں 14.73 روپے اضافہ، مارکیٹرز ایسوسی ایشن کا ملک گیر ہڑتال کا اعلان

گھریلو استعمال کے سلنڈر کی قیمت میں 173 روپے 86 پیسے اضافہ، نئی قیمت 3470 روپے مقرر، نوٹیفکیشن جاری

مقامی سطح پر پیدا ہونے والی 30 فیصد گیس بھی نئے فارمولے کے باعث مہنگی ہوجائے گی: چیئرمین علی حیدر کا بیان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک بھر میں ایل پی جی کی قیمت میں بڑا اضافہ، فی کلو قیمت 14 روپے 73 پیسے بڑھا دی گئی، اوگرا نے قیمتوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق گھریلو استعمال کے ایل پی جی سلنڈر کی قیمت میں 173 روپے 86 پیسے اضافہ کیا گیا ہے، جس کے بعد 11.8 کلوگرام کے گھریلو سلنڈر کی نئی قیمت 3 ہزار 470 روپے 9 پیسے مقرر کردی گئی ہے۔ ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے سے گھریلو صارفین پر مہنگائی کا مزید بوجھ پڑے گا۔ پاکستان ایل پی جی مارکیٹرز ایسوسی ایشن نے 16 نومبر سے ملک گیر ہڑتال کا اعلان کردیا۔ ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین علی حیدر کا کہنا ہے کہ اگر 15 روز میں مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو ملک بھر میں ایل پی جی کی فروخت بند کردی جائے گی۔ علی حیدر کے مطابق نئے پرائسنگ فارمولے سے ایل پی جی کی قیمتوں میں 25

باقی صفحہ 3 بقیہ 4

GSP پلس پاکستان کی برآمدات اور پنجاب کی صنعتی معیشت کیلئے لائف لائن ہے، مریم نواز

مریم نواز نے فرانسیسی سفیر کی تجارتی تعلقات کے فروغ کیلئے دورہ کی دعوت قبول کرلی، معاشی تعاون میں دوطرفہ تعلقات کو نئی جہت دینے کا عزم

قوموں کی معاشی ترقی میں بچت اور مالی نظم وضبط بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، صاف، سرسبز، محفوظ اور جدید شہر ہر شہری کا بنیادی حق ہے، خصوصی پیغام

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے پاکستان میں فرانس کے نئے سفیر ژاں نوئل پوارے نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور فرانس کے درمیان تجارتی، اقتصادی، صنعتی اور سرمایہ کاری تعاون کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مریم نواز نے فرانسیسی سفیر کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں نئی سفارتی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے لاہور آمد پر شکریہ ادا کیا۔ ملاقات میں پنجاب اور فرانس کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور صنعتی شراکت داری بڑھانے کے نئے مواقع تلاش کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ فرانسیسی سفیر ژاں نوئل پوارے نے وزیراعلیٰ مریم نواز کو تجارتی تعلقات کے فروغ کے لیے فرانس کے دورے کی دعوت دی، جس پر وزیراعلیٰ نے ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے فرانسیسی سرمایہ کاروں کو پیوٹ کے تحت پنجاب میں زراعت، صنعت اور لائیو سٹاک کے شعبوں

باقی صفحہ 3 بقیہ 3



ملتان: سید یوسف رضا گیلانی کو چائے خانہ ماڈل ٹاؤن آمد گلدستہ پیش کیا جارہا ہے۔

افغان حکومت اپنی سرزمین دہشتگردوں کو استعمال کرنے دے رہی ہے، پاکستان

تین برسوں میں افغانستان سے ہونیوالے دہشتگرد حملوں میں 4,700 سے زائد پاکستانی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے

طالبان نے اقتدار میں آنے کے 5 سال بعد بھی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے خاتمہ کیلئے عزم ظاہر نہیں کیا، رچرڈ بینیٹ

نیویارک (وائس آف ایشیا) پاکستان نے افغانستان میں دہشت گرد تنظیموں کی مسلسل موجودگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ افغان طالبان حکومت اپنی سرزمین پر ان گروہوں کو سرگرمیاں جاری رکھنے کی اجازت دے رہی ہے۔ اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل میں افغانستان سے متعلق انٹرایکٹو ڈائیلاگ کے دوران پاکستان کے نمائندے محمد جواد اجمل نے کہا کہ گزشتہ تین برسوں کے دوران افغانستان سے ہونے والے دہشت گرد حملوں میں 4,700 سے زائد پاکستانی اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ دوسری جانب اقوام متحدہ کے خصوصی نمائندے رچرڈ بینیٹ نے جنرل اسمبلی کو بتایا کہ

باقی صفحہ 3 بقیہ 2



وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کو فیصل آباد چیمبر آمد پر صدر عارف احسان ملک شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔

بھارتی رویہ دنیا کے سامنے، سندھ طاس معاہدہ پر قانونی جنگ جاری رکھیں گے، اٹارنی جنرل

امریکی اور اسرائیلی دشمن کے تمام مادی اور غیر مادی اثاثے ایرانی افواج کی دسترس میں ہونے چاہئیں

ہر خطرہ سے نمٹنے کیلئے تیار، کسی بھی حملے کا جواب جغرافیائی حدود سے بالاتر ہو کر دیا جائے، مجتبیٰ خامنہ ای

تہران (وائس آف ایشیا) ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے مسلح افواج کو دشمن کی دھمکیوں کا ہر محاذ پر بھرپور جواب دینے کا حکم دے دیا۔ ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے مسلح افواج کے اعلیٰ کمانڈروں سے ملاقات کی، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ دشمن کے کسی بھی خطرے کا جواب جغرافیائی حدود سے بالاتر ہو کر دیا جائے، امریکی اور اسرائیلی دشمن کے تمام مادی اور غیر مادی اثاثے ایرانی افواج کی دسترس میں ہونے چاہئیں۔ مجتبیٰ خامنہ ای کا کہنا تھا کہ ایران کی مسلح افواج ہر قسم کے خطرے سے نمٹنے کے لیے تیار ہیں، دشمن نے دوبارہ حملہ کیا تو جواب کے اختتام کا وقت ایران خود طے کرے گا۔ ایرانی سپریم لیڈر نے دفاعی اور انٹیلی جنس صلاحیتوں کو جدید ٹیکنالوجی سے مزید مضبوط بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے مسلح افواج کو امریکی اور اسرائیلی اثاثوں سے متعلق فوجی اہداف کی فہرست مکمل طور پر اپ ڈیٹ کرنے کا بھی حکم دیا

وزیر اطلاعات نے نیشنل سائبر سکیورٹی اینڈ سوشل میڈیا آگاہی کونسل کے قیام کی تجویز دیدی


غلط معلومات اور فیک نیوز آج کے دور کا سب سے بڑا چیلنج، ڈیجیٹل خواندگی کو نصاب کا حصہ بنانے کی ضرورت ہے

بچوں کو سوشل میڈیا کے غیر محفوظ استعمال سے بچنے کے طریقے سکھانا ہونگے، NCCIA نے کام شروع کر دیا، عطا تارڑ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے نیشنل سائبر سکیورٹی اینڈ سوشل میڈیا آگاہی کونسل کے قیام کی تجویز دیتے ہوئے کہا ہے کہ غلط معلومات اور فیک نیوز آج کے دور کا سب سے بڑا چیلنج ہے، ڈیجیٹل خواندگی کو نصاب کا حصہ بنانے کی ضرورت ہے، مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ مواد کی لیبلنگ لازمی قرار دینا ہوگی، بچوں کو سوشل میڈیا کے غیر محفوظ استعمال سے بچنے کے طریقے سکھانا ہوں گے۔ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے کام شروع کر دیا ہے اور اس سے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کو بھی مدد ملے گی، شہریوں میں آگاہی پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں مسائل کے حل بھی فراہم کیے جائیں تو یہ ایک بڑی قومی خدمت ہوگی۔ سائبر سیکورٹی آگاہی ہفتہ 2026 کی افتتاحی تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں چیئرمین پی ٹی اے میجر جنرل (حفیظ

باقی صفحہ 3 بقیہ 1





شاہ رخ خان آج 2نومبر کو اپنی 1 6ویں سالگرہ منائیں گے

فلم ”کنگ“ کی شوٹنگ کے باعث سپرسٹار اس بار سالگرہ اپنی رہائش گاہ منت میں نہیں بلکہ لندن میں منائیں گے

ممبئی (وائس آف ایشیا)بولی ووڈ کے سپر اسٹار شاہ رخ خان کی سالگرہ ہر سال ان کے مداحوں کے لیے کسی تہوار سے کم نہیں ہوتی، جب ہزاروں کی تعداد میں لوگ اپنے پسندیدہ اداکار کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے ان کی رہائش گاہ منت کے باہر یا ممبئی میں منعقد کی جانے والی خاص تقاریب میں جمع ہوتے ہیں۔ تاہم اس بار یہ روایت برقرار رہنا مشکل دکھائی دے رہا ہے۔اداکارشاہ رخ خان(آج) 2نومبر کو اپنی 1 6ویں سالگرہ منائیں گے، تاہم اطلاعات کے مطابق وہ اس موقع پر ممبئی میں موجود نہیں ہوں گے اور مداحوں سے روایتی ملاقات بھی نہیں کر سکیں گے۔شاہ رخ خان ان دنوں فلم” کنگ“ کی شوٹنگ میں مصروف ہیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق شاہ رخ خان اپنی نئی فلم کنگ کی شوٹنگ کے سلسلے میں لندن میں ہوں گے، جہاں ان کی سالگرہ کے دن ایک گانے کی شوٹنگ طے کی گئی ہے۔اس سے قبل وہ ممبئی میں بھی اداکارہ دیپکا پڈوکون کے ساتھ ایک گانے کی شوٹنگ مکمل کر چکے ہیں اور اب ٹیم کے ساتھ اگلے شیڈول کے لیے بیرون ملک روانہ ہو رہے ہیں۔گزشتہ دو سالوں سے شاہ رخ خان اپنی رہائش گاہ منت پر مرمتی کام کی وجہ سے بالکونی سے مداحوں کا سامنا نہیں کر پا رہے تھے، بلکہ ان کی جگہ ممبئی کے ایک ہال میں خاص پرستاروں کے لیے ایک تقریب سجائی جاتی تھی جہاں وہ مداحوں سے گفتگو کرتے اور ان کے سوالات کے جوابات دیتے تھے۔ اس سال بیرون ملک شوٹنگ کی مصروفیات کی وجہ سے یہ سلسلہ بھی معطل رہے گا۔

مزاحیہ اداکار سکندر صنم کی 14ویں برسی 5نومبر کو منائی جائیگی

منفرد مزاحیہ اداکاری، برجستہ جملوں اور نقل اتارنے کی صلاحیت کے باعث شوبز میں نمایاں مقام حاصل کیا

لاہور(وائس آف ایشیا)ماضی کی نامور مزاحیہ اداکار سکندر صنم کی 14ویں برسی 5نومبر کو منائی جائے گی۔ سکندر صنم کا اصل نام محمد سکندر تھا اور انہوں نے اپنی منفرد مزاحیہ اداکاری، برجستہ جملوں اور نقل اتارنے کی صلاحیت کے باعث شوبز میں نمایاں مقام حاصل کیا۔ انہوں نے اسٹیج ڈراموں سے اپنے فنی سفر کا آغاز کیا اور عمر شریف سمیت نامور فنکاروں کے ساتھ بھی کام کیا۔ انہیں بھارتی فلموں کی مزاحیہ پیروڈی پیش کرنے سے خصوصی شہرت ملی، خصوصاً فلم تیرے نام کی پیروڈی نے انہیں ملک بھر میں مقبولیت دلائی۔ ان کی کامیڈی میں بے ساختہ انداز، منفرد کردار نگاری اور حاضرین کو محظوظ کرنے کی بھرپور صلاحیت نمایاں تھی۔ سکندر صنم نے اسٹیج کے ساتھ ٹیلی ویژن اور ویڈیو فلموں میں بھی اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائے۔ سکندر صنم 5نومبر 2012 کو کراچی میں جگر کے کینسر کے باعث انتقال کر گئے تھے۔



معروف فوک گلوکارہ ریشماں کی 3 1ویں برسی کل منائی جائیگی


194ء کو جنم لینے والی گلوکارہ ریشماں کا تعلق خانہ بدوشوں کے خاندان سے تھا جو کہ تقسیم ہند کے بعد پاکستان منتقل ہوا

اسلام آباد(وائس آف ایشیا) ” چار دنا دا پیار او ربا ، بڑی لمبی جدائی “ معروف فوک گلوکارہ ریشماں کی13ویں برسی 3نومبر کو منائی جائے گی۔ ماضی کی ” کوئل “ طویل عرصہ سے گلے کے کینسر میں مبتلا تھیں اور وہ3نومبر 2013ء کو انتقال کر گئی تھیں۔1947ء کو جنم لینے والی گلوکارہ ریشماں کا تعلق خانہ بدوشوں کے خاندان سے تھا جو کہ تقسیم ہند کے بعد پاکستان منتقل ہوا۔ریشماں نے اپنے فنی کیریئر کا آغاز محض 12برس کی عمر میں ریڈیو پاکستان سے کیا۔ ” ہائے او ربا نئیں او لگدا دل میرا “ ،” چار دنا دا پیار او ربا ، بڑی لمبی جدائی “ ، اور” انکھیوں کو رہنے دو انکھیوں کے آس پاس “ جیسے گیت گا کر شناخت حاصل کی۔ انتہائی غریب اورخانہ بدوش خاندان سے تعلق ہونے کی وجہ سے ریشماں نے باقاعدہ تعلیم حاصل نہ کی تھی وہ کم سنی میں ہی مختلف صوفیاء کے مزاروں پر گنگنایا کرتی تھیں عظیم صوفی بزرگ لال شہباز قلندر کے مزار پر ” ہو لعل میری “ گانے پر انہیں ریڈیو اور بعدازاں ٹی وی پر بھی گانے کا موقع ملا ” سن چرخے دی مٹھی مٹھی کوک ،ماہیا مینوں یاد آوندا “ جیسے گیتوں نے انہیں شہرت کی بلندیوں تک پہنچا دیا اور وہ سابق وزیر اعظم اندرا گاندھی کی دعوت پر بھارت بھی گئیں ان کے متعدد گیت بھارتی فلموں میں بھی شامل کیے گئے ۔سال1980ء میں انہیں گلے کے کینسر کا انکشاف ہوا سابق صدر پرویز مشرف کی جانب سے علاج معالجہ کیلئے انہیں بھرپور امداد فراہم کی گئی حکومت پاکستان کی جانب سے انہیں ستارہ امتیاز اور ” بلبل صحرا “ کا خطاب عطاء کیا گیا ۔ریشماں 3نومبر2013ء کو طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔



ہدایتکاروفلم ساز شباب کیرانوی کی 4 4ویں برسی 5نومبر کو منائی جائے گی

اسلام آباد(وائس آف ایشیا) پاکستانی فلم انڈسٹری کے معروف ہدایتکاروفلم سازشباب کیرانوی کی 44ویں برسی5 نومبر کو منائی جائے گی اس سلسلے میں نگار خانوں میں خصوصی تعزیتی تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں مرحوم کی فنی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔شباب کیرانوی1925 کو اتر پردیش میں پیدا ہوئے وہ ہدایت کار،موسیقار،صحافی اور مصنف تھے شباب کیرانوی نے عنایت حسین بھٹی،ننھا،علی اعجاز،کمال،احمد رشدی، نغمہ،ندیم، آسیہ، غلام محی الدین سمیت بیشتر گلوکاروں اور فنکاروں کو فلم انڈسٹری میں متعارف کروایا۔شباب کیرانوی 5نومبر 1982ء کو جہان فانی سے رخصت ہو گئے۔



کینیڈا میں استاد نصرت فتح علی خان کو شاندار خراج عقیدت

میگھا ،شاہد علی خان کی قوالی نائٹ میں خوبصورت پرفارمنس،شرکاء جھومتے رہے

لاہور(وائس آف ایشیا)پاکستان کے لیجنڈ گلوکار استاد نصرت فتح علی خان کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے کینیڈا کے گلیکسی گرینڈ کنونشن سینٹر میں قوالی نائٹ کا اہتمام کیا گیا، معروف قوال شاہد علی خان کی جانب سے منعقدہ محفل میں میگھا اور شاہد علی خان نے اپنی دلکش اور یادگار پرفارمنس کے ذریعے استاد نصرت فتح علی خان کو بھرپور خراج عقیدت پیش کیا جس پر شرکاء جھومتے رہے۔میگھا اور شاہد علی خان نے کہا کہ استاد نصرت فتح علی خان جیسے لیجنڈ گلوکار کو خراج عقیدت پیش کرناہمارے لئے فخر کا باعث ہے ۔انہوں نے بتایا کہ کینیڈا میں اردو اور پنجابی زبان سمجھنے والے حلقوں میں ہماری پرفارمنس کے مثبت پہلو ہیں۔ کہ ہم خوب جرچے ہیں جس کی وجہ سے ہمیں بڑا حوصلہ ملا ہے ۔کینیڈا کے مختلف شہروں میں پرفارمنس پیش کریں گے جس کیلئے اوورسیز پاکستانی خصوصا اردو اور پنجابی زبان سمجھنے والے شائقین انتہائی پرجوش ہیں۔ دونوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنی پرفارمنس کے ذریعے پاکستان کی ثقافت، موسیقی اور فن کا خوبصورت رنگ بیرون ملک متعارف کرواتے رہیں گے۔



پراجیکٹ کے سلسلے میں بیرون ملک جاؤں گا ، مستقل منتقلی کا ارادہ نہیں، ببرک شاہ

تماشہ سیزن فائیو کے بعد شوبز مصروفیات دوبارہ شروع کر دی ، ہدایتکاروں نے دوبارہ رابطے کئے ہیں، خصوصی گفتگو

لاہور(وائس آف ایشیا)نامور اداکار اور تماشہ سیزن فائیو کے فاتح ببرک شاہ نے کہا ہے کہ وہ ایک پراجیکٹ کے سلسلے میں بیرون ملک جا رہے ہیں تاہم مستقل بنیادوں پر بیرون ملک منتقل ہونے کا کوئی ارادہ نہیں۔ گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ تماشہ سیزن فائیو میں شرکت کے باعث شوبز مصروفیات میں کچھ تعطل آ گیا تھا تاہم اب مختلف ہدایتکاروں نے دوبارہ رابطے شروع کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ جلد اپنے نئے پراجیکٹس پر کام شروع کریں گے۔ ببرک شاہ نے بتایا کہ انہوں نے امریکہ کے ویزے کے لیے بھی درخواست دے رکھی ہے جبکہ یورپی ممالک کا دورہ بھی ان کے شیڈول میں شامل ہے۔ بیرون ملک سفر کا مقصد پیشہ ورانہ مصروفیات اور نئے مواقع سے فائدہ اٹھانا ہے تاہم میری توجہ پاکستان میں اپنے شوبز کیریئر کو جاری رکھنے پر مرکوز ہے۔



سچائی میری سب سے بڑی کمزوری ہے ، گوشی خان

معاشرے کی اصلاح ، فیملی ڈرامے پیش کرنے کا بیڑہ اٹھا لیا ہے ' اداکار کی گفتگو

لاہور(وائس آف ایشیا)فلم ، ٹی وی اور اسٹیج کے نامور اداکار گوشی خان نے کہا ہے کہ سچ بولنا اور سچ سننا پسند کرتا ہوں ، منافق لوگوں سے دور رہتا ہوں اور اس کی بڑی قیمت بھی ادا کی ہے ۔ ایک انٹر ویو میں گوشی خان نے کہا کہ سچائی میری سب سے بڑی کمزوری ہے ، صاف گوئی کی وجہ سے بہت سے لوگوں کی آنکھوں میں کھٹکتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ یہاں لوگ منافقت اور دوغلے پن کو اپنی کامیابی سمجھتے ہیں لیکن یہ صرف خود کو دھوکہ ہے ، اس کے ذریعے ملنے والی کامیابی عارضی ہوتی ہیں۔انہوں نے بتایا کہ میں نے گزشتہ دنوں گوجرانوالہ میں اسٹیج ڈرامہ ” کچی مٹی دیے لوگ “ پیش کیا جسے بہت پسند کیا گیا ، یہ فیملی اور اصلاحی ڈرامہ تھا اور اب میرا یہی مشن ہے کہ میں اصلاح پر مبنی فیملی ڈرامے پیش کروں گا ۔





امید ہے فتح کا سلسلہ ایسے ہی جاری رہے گا،محسن نقوی کی پوری ٹیم کو شاباش

فائنل میچ میں پاکستانی پلیئرز نے سری لنکا کو آوٹ کلاس کرکے جیت اپنے نام کی


لاہور (وائس آف ایشیا) پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی نے سہ ملکی ٹورنامنٹ کے فائنل میں شاندار فتح پر پوری ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ فتح کا سلسلہ ایسے ہی جاری رہے گا۔تفصیلات کے مطابق لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے فائنل میں پاکستان نے فخر زمان، عرفان منہاس اور سعد بیگ کی شاندار بیٹنگ کی بدولت سری لنکا کو تین وکٹوں سے شکست دی۔قومی ٹیم کی سیریز میں فتح پر پی سی بی چیئرمین محسن نقوی نے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر ویلڈن گرین شرٹس، ویلڈن فخر زمان لکھا اور ٹرائی نیشن سیریز کا فائنل جیتنے پر پاکستانی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد دی۔انہوں نے کہا کہ فائنل میچ میں پاکستانی پلیئرز نے سری لنکا کو آوٹ کلاس کرکے جیت اپنے نام کی، فخر زمان، عرفات منہاس اور سعد بیگ کی جارحانہ بیٹنگ نے فتح میں نمایاں کردار ادا کیا۔محسن نقوی نے کہا کہ کرکٹرز نے بہترین ٹیم ورک اور شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور ثابت کیا ہے کہ جذبے، لگن اور عزم کے ساتھ کھیلنے سے کامیابی ملتی ہے۔ چیئرمین پی سی بی نے لکھا کہ ٹیم نے بہترین نظم و ضبط اور کمال مہارت کا مظاہرہ کیا ہے، یہ کامیابی پلیئرز اور مینجمنٹ کی سخت محنت کا نتیجہ ہے اور امید ہے کہ ٹیم اسی تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے آئندہ بھی کامیابیاں سمیٹے گی۔



اکثر کہتے ہیں فخر اسکور کرے گا تو ہم جیتیں گے، شاہین آفریدی

عرفات منہاس اور حسن نواز کا پرفارم کرنا ٹیم کے لئے اچھا ہے

لاہور (وائس آف ایشیا)قومی ٹیم کے کپتان شاہین شاہ آفریدی نے کہا ہے کہ ہم اکثر کہتے ہیں جب فخر اسکور کرے گا تو ہم جیتیں گے۔میڈیا سے گفتگو میں شاہین شاہ آفریدی نے کہا کہ عرفات منہاس اور حسن نواز کا پرفارم کرنا ٹیم کے لئے اچھا ہے۔انہوں نے کہا کہ فخر زمان نے بہترین بیٹنگ کی، ہم اکثر کہتے ہیں جب فخر اسکور کرے گا تو ہم جیتیں گے۔یا د رہے کہ سری لنکا نے فائنل میں پاکستان کو 326رنز کا ہدف دیا جو پاکستان نے 7وکٹ کے نقصان پر 10 گیندوں قبل حاصل کرلیا۔ایونٹ میں پاکستانی ٹیم نے 5میچز کھیلے، اسے فائنل سمیت 4میچز میں فتح ملی جبکہ ایک میچ میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔



ویلنٹائن واچروٹ اور جری لیہیکا سوئس انڈورز ٹینس ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچ گئے

واچروٹ نے عمدہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے امریکا کے ٹیلر فرٹز کو (5-7) 7-6اور 6-3سے مات دی


بیسل(وائس آف ایشیا)موناکو کے ٹینس کھلاڑی ویلنٹائن واچروٹ سوئس انڈورز ٹینس ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کے فائنل میں پہنچ گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ویلنٹائن واچروٹ نے سیمی فائنل میں امریکا کے سکستھ سیڈڈ ٹیلر فرٹز کو شکست دے کر 2026کے اپنے پہلے اور کیریئر کے دوسرے فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا ہے۔ سیمی فائنل مقابلے میں موناکو کے ٹینس کھلاڑی ویلنٹائن واچروٹ نے عمدہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے امریکا کے ٹیلر فرٹز کو (5-7) 7-6اور 6-3سے مات دی۔ واضح رہے کہ گزشتہ سال شنگھائی ماسٹرز کا ٹائٹل جیتنا موناکو کے ٹینس کھلاڑی ویلنٹائن واچروٹ کے کیریئر کا واحد ٹائٹل ہے۔ٹرافی کے حصول کے لیے فائنل میں موناکو کے ٹینس کھلاڑی ویلنٹائن واچروٹ کا مقابلہ چیک جمہوریہ کے ایٹھ سیڈڈ جری لیہیکا سے ہوگا۔ جری لیہیکا نے دوسرے سیمی فائنل میں جرمنی کے جان لینارڈ سٹرف کے خلاف 3-6، 7-5اور 6-4سے کامیابی حاصل کی۔ جرمن کھلاڑی جان لینارڈ سٹرف نے کوارٹر فائنل میں نامور سربین ٹینس سٹار نوویک جوکووچ کو ایونٹ سے باہر کیا تھا، تاہم وہ سیمی فائنل کی رکاوٹ عبور کرنے میں ناکام رہے۔



سان لورینزو کی آخری لمحات میں شاندار واپسی، ویلز سارسفیلڈ کے خلاف مقابلہ 2-2سے برابر

خوان پولیسیلا نے 22ویں منٹ میں میٹیاس پیلیگرینی کے پاس پر شاندار گول داغ کر اپنی ٹیم کو برتری دلائی

بیونس آئرس(وائس آف ایشیا)ارجنٹائن کے کلوزورا ٹورنامنٹ میں سان لورینزو نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ویلیز سارسفیلڈ کے خلاف مقابلہ 2-2سے ڈرا کر کے اہم پوائنٹ حاصل کر لیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ہوم ٹیم ویلیز نے میچ کا شاندار آغاز کیا جب 19سالہ نوجوان کھلاڑی خوان پولیسیلا نے 22ویں منٹ میں میٹیاس پیلیگرینی کے پاس پر شاندار گول داغ کر اپنی ٹیم کو برتری دلائی۔اس کے بعد پیلیگرینی نے خود قریب سے گیند کو گول کیپر ہوزے دیوکی کے اوپر سے جال میں پہنچا کر مقابلہ 2-0 کر دیا۔سان لورینزو نے پہلے ہاف کے اختتام سے ٹھیک قبل کم بیک کا آغاز کیا جب الیکساس کوئیلو نے رودریگو آوزمندی کے پاس پر گول کر کے خسارہ کم کرتے ہوئے مقابلہ 2-1 کر دیا۔میچ ختم ہونے سے 9منٹ قبل آوزمندی نے گزمن کوروجو کی ہٹ پوسٹ سے ٹکرانے کے بعد ری باؤنڈ ہونے والی گیند کو جال میں پھینک کر مقابلہ 2-2 سے برابر کر دیا۔ اس ڈرا کے بعد ویلیز سارسفیلڈ 15ٹیموں کے زون اے کے پوائنٹس ٹیبل پر 28 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے جبکہ سان لورینزو 19 پوائنٹس کے ساتھ نویں نمبر پر موجود ہے۔



پی ایف ایف کا پاکستان کی منفرد فٹبال شناخت قائم کرنے کا عزم

فیفا انڈر 15 ورلڈ کپ میں تاریخی شرکت کے بعد کھلاڑیوں کی صلاحیتوں میں نکھار، ڈومیسٹک فٹبال کے ڈھانچے کی بہتری اور گراس روٹ سطح سے ٹیلنٹ کی تربیت پر زور

اسلام آباد (وائس آف ایشیا)پاکستان فٹبال فیڈریشن نے ملک میں فٹبال کی ایک منفرد شناخت قائم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے جس کے لیے کھلاڑیوں کی صلاحیتوں میں نکھار، کھیل کے بنیادی اصولوں پر مہارت اور ڈومیسٹک فٹبال کے ڈھانچے کو مضبوط بنانا اہم ترجیحات قرار دی گئی ہیں۔ یہ بات پاکستان کی جانب سے آذربائیجان میں فیفا انڈر 15 ورلڈ کپ اینڈ فیسٹیول 2026 میں تاریخی شرکت کے بعد منعقدہ پریس کانفرنس میں سامنے آئی، جو اتوار کی صبح اسلام آباد کے ایک مقامی ہوٹل میں منعقد ہوئی۔ٹیم کی وطن واپسی کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ہیڈ کوچ احسان اللہ خان نے کہا کہ اس ایونٹ میں شرکت کا بنیادی مقصد کھلاڑیوں کی صلاحیتوں میں نکھار لانا، انہیں بین الاقوامی مقابلوں کا تجربہ فراہم کرنا اور مختلف فٹبال ثقافتوں سے تعلق رکھنے والی ٹیموں کے خلاف زیادہ سے زیادہ میچز کھیلنے کے مواقع دینا تھا۔انہوں نے کہا کہ کوچنگ اسٹاف نے کھلاڑیوں کو ہدایت کی تھی کہ وہ ہارنے کے خوف کے بغیر میدان میں اتریں، اپنے کھیل کا بھرپور اظہار کریں اور فٹبال کے بنیادی اصولوں پر توجہ مرکوز رکھیں۔احسان اللہ خان کے مطابق دنیا کی کامیاب فٹبال قومیں کھیل کے بنیادی اصولوں پر غیر معمولی مہارت رکھتی ہیں اور پاکستان کی تیاری کا محور بھی اسی طرز عمل کو اپنانا تھا۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ اگر پاکستان مستقل مزاجی کے ساتھ ان بنیادی اصولوں کو اپنی فٹبال کی بنیاد بنائے تو ملک کے لیے دنیا کی صفِ اول کی فٹبال قوموں میں شامل ہونا ناممکن نہیں۔ہیڈ کوچ نے پاکستان کو اس اہم سیکھنے کے موقع سے محروم نہ رہنے دینے پر صدر پی ایف ایف سید محسن گیلانی اور فیڈریشن کا شکریہ ادا کیا، جبکہ اپنے بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے آذربائیجان آنے والے والدین کی حمایت کو بھی سراہا۔ انہوں نے صدر پی ایف ایف کی جانب سے کھلاڑیوں کی ذاتی حوصلہ افزائی اور ہر کھلاڑی کے لیے اضافی 25 ہزار روپے انعام کے اعلان کو بھی اہم قرار دیا۔ٹیم کی کارکردگی میں بہتری کے پہلوؤں پر بات کرتے ہوئے احسان اللہ خان نے بنیادی مہارتوں کے عملی مظاہرے اور دفاعی ٹرانزیشن کو اہم شعبے قرار دیا جن پر مزید کام کرنے کی ضرورت ہے۔

ورلڈ نمبر ون الیگزینڈر زویروف کو ویانا اوپن ٹینس مینز سنگلز سیمی فائنل میں حیران کن شکست، ڈی مینار فائنل میں داخل




ویانا(وائس آف ایشیا)جرمنی کے نامور ٹینس سٹار اور مردوں کے سنگلز مقابلوں کی عالمی رینکنگ میں ٹاپ پوزیشن حاصل کرنے والے الیگزینڈر زویروف ویانا اوپن ٹینس مینز سنگلز سیمی فائنل میں شکست کے بعد ایونٹ سے باہر ہوگئے۔ای ایس پی این کے مطابق آسٹریلیا کے ٹینس کھلاڑی ایلکس ڈی مینور نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے سیمی فائنل میچ میں جرمن ٹاپ سیڈڈ الیگزینڈر زویروف کو شکست دے کر فائنل کے لئے کوالیفائی کیا۔ویانا میں کھیلے گئے ایرسٹے بینک اوپن کے سیمی فائنل میں 27سالہ آسٹریلوی ٹینس سٹار ایلکس ڈی مینور نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے 29سالہ جرمن ٹینس سٹار الیگزینڈرزویروف کو 6 - 4، 1 - 6اور 6-7(4-7)سے شکست دی اور فائنل میں جگہ بنالی۔ اس کامیابی کے ساتھ ہی 27سالہ ایلکس ڈی مینار نے سیزن کے اختتامی اے ٹی پی فائنلز میں کوالیفائی کرنے کی دوڑ میں سپین کے رافیل جوڈار کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ 2 گھنٹے اور 30منٹ تک جاری رہنے والے اس مقابلے میں فتح حاصل کرنے کے بعد ایلکس ڈی مینار کا کہنا تھا کہ انہیں اپنے کھیل پر فخر ہے اور صحیح وقت پر جارحانہ انداز اپنانے سے میچ کا نتیجہ ان کے حق میں رہا۔فائنل میں ایلکس ڈی مینار کا مقابلہ سپین کے سیکنڈ سیڈڈ کارلوس الکاراز سے ہوگا جنہوں نے دوسرے سیمی فائنل میں روس کے تھرڈ سیڈڈ ڈینئل مدویدف کو 6-4اور 6-7 (2-7) سے شکست دی۔ 7بار کے گرینڈ سلام چیمپئن 23سالہ کارلوس الکاراز نے اس کامیابی کے ساتھ ہی اے ٹی پی 500ایونٹس میں اپنی مسلسل 25ویں فتح حاصل کی ہے۔وہ اپریل 2025میں بارسلونا اوپن میں ہولگر رونے کے ہاتھوں شکست کے بعد سے اس سطح کے مقابلوں میں ناقابل شکست ہیں۔

فخر نے سہ ملکی ون ڈے سیریز کے فائنل میں سنچری بناکر سعید انورکا ریکارڈ برابرکردیا

سعید انور نے پہلی سنچری 1993میں ولز ٹرافی کے فائنل ، دوسری سنچری 1998میں سلور جوبلی انڈیپنڈنس کپ کے دوران روایتی حریف بھارت کے خلاف بنائی تھی

لاہور (وائس آف ایشیا)پاکستان کے اوپننگ بلے باز فخر زمان نے سہ ملکی ون ڈے سیریز کے فائنل میں سری لنکا کے خلاف شاندار سنچری اسکور کرکے پاکستان کے سابق کپتان اور لیجنڈ اوپننگ بلے باز سعید انور کا دیرینہ ریکارڈ برابرکردیا۔گزشتہ روز لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں فخر زمان نے 99 گیندوں پر 127رنز کی شاندار اننگز کھیلی اور ون ڈے کی 12ویں سنچری بنائی۔ ان کی شاندار اننگز میں 11چوکے اور 6چھکے شامل تھے۔فخر زمان کی یہ شاندار سنچری کسی ون ڈے ٹورنامنٹ کے فائنل میں ان کی دوسری سنچری تھی۔ اس سے قبل انہوں نے 2017میں لندن کے اوول کرکٹ گراؤنڈ میں آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے فائنل میں روایتی حریف بھارت کے خلاف یادگار سنچری اسکور کی تھی۔اس طرح فخر زمان نے سعید انور کا ریکارڈ برابر کردیا ہے، جنہوں نے ون ڈے ٹورنامنٹس کے فائنلز میں 2سنچریاں اسکور کر رکھی تھیں۔سعید انور نے پہلی سنچری 1993میں ولز ٹرافی کے فائنل میں سری لنکا کے خلاف بنائی تھی جب کہ دوسری سنچری 1998میں سلور جوبلی انڈیپنڈنس کپ کے دوران روایتی حریف بھارت کے خلاف بنائی تھی۔اس کے علاوہ فخر زمان نے میچ میں اپنے ون ڈے کریئر کے 4 ہزار رنز بھی مکمل کرلیے۔وہ یہ سنگ میل عبور کرنے والے پاکستان کے 16ویں بلے باز ہیں۔ اس فہرست میں انضمام الحق، جاوید میانداد، یونس خان اور سعید انور جیسے عظیم بلے باز شامل ہیں۔واضح رہے کہ فخر زمان اب تک 96ون ڈے اننگز میں 44.65 کی اوسط اور 93.57 کے اسٹرائیک ریٹ سے مجموعی طور پر 4019 رنز بنا چکے ہیں۔ ون ڈے کرکٹ میں 12 سنچریوں کے علاوہ ان کے نام 19نصف سنچریاں ہیں۔



بارسلونا نے الاویس کو 6-1سے ہراکر سپینش لا لیگا کی ٹاپ پوزیشن دوبارہ حاصل کر لی

فرمین لوپیز اور متبادل کھلاڑی انتھونی گورڈن نے ایک، ایک گول کرکے ٹیم کی بڑی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا

بارسلونا(وائس آف ایشیا)بارسلونا نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ڈیپورٹیوو ایلاویس کو 6-1 گول سے شکست دے کر سپینش فٹ بال لیگ لا لیگا میں دوبارہ پہلی پوزیشن حاصل کرلی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق کیمپ نو میں کھیلے گئے اہم میچ میں رافنیا اور لامین یمل نے 2، 2 گول سکور کیے جبکہ فرمین لوپیز اور متبادل کھلاڑی انتھونی گورڈن نے ایک، ایک گول کرکے ٹیم کی بڑی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔بارسلونا کو گزشتہ ہفتے چیمپئنز لیگ میں پیرس سینٹ جرمین اور لا لیگا میں روایتی حریف ریال میڈرڈ کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا، تاہم ایلاویس کے خلاف کامیابی نے ٹیم کو دوبارہ فتوحات کی راہ پر گامزن کردیا۔میزبان ٹیم نے میچ کے 8ویں منٹ میں رافنیا کے گول کی بدولت برتری حاصل کی۔ 23ویں منٹ میں فرمین لوپیز نے دوسرا گول کرکے برتری دگنی کردی۔رافنیا نے پہلے ہاف میں اپنا دوسرا اور ٹیم کا تیسرا گول سکور کیا جبکہ لامین یمل نے وقفے سے قبل چوتھا گول کرکے بارسلونا کی پوزیشن مستحکم کردی۔دوسرے ہاف میں بھی بارسلونا کا جارحانہ کھیل جاری رہا اور لامین یمل نے ایک مرتبہ پھر گیند جال میں پہنچا کر اپنا دوسرا اور ٹیم کا پانچواں گول سکور کیا۔ متبادل کھلاڑی انتھونی گورڈن نے چھٹا گول کرکے ایلاویس کی مشکلات مزید بڑھادیں، تاہم سابق ریال میڈرڈ کھلاڑی ماریانو ڈیاز نے اختتامی لمحات میں ایلاویس کی جانب سے واحد گول سکور کیا۔اس کامیابی کے بعد بارسلونا نے دوسرے نمبر پر موجود اٹلیٹیکو میڈرڈ پر 2پوائنٹس کی برتری حاصل کرلی۔ اٹلیٹیکو میڈرڈنے اس سے قبل لیوانتے کو2-0سے شکست دے کر مسلسل ساتویں لیگ فتح حاصل کی تھی۔اس کے لیے الیخاندرو گریمالڈو اور خولیانو سیمونے نے گول سکور کیے۔اٹلیٹیکو میڈرڈ کے کوچ ڈیاگو سیمونے نے بھی ایک اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے سپینش لا لیگا میں ٹیم کے کوچ کی حیثیت سے اپنی 344ویں کامیابی حاصل کرلی اور کلب کے سابق کوچ لوئس آراگونس کے ریکارڈ کی برابری کرلی۔



وائس آف ایشیا میڈیا گروپ سے پریس ڈیوٹی کارڈز موصول

میر بلاج، عظمیٰ خان، شکیل جاوید، آصف جاوید اور حسنین احسن کو پریس ڈیوٹی کارڈز تفویض کیے گئے



لاہور (خصوصی رپورٹ) وائس آف ایشیا میڈیا گروپ کے ایڈیٹر تجمل عباس بھٹی اور قانونی مشیر محمد احمد بھٹی کی جانب سے صحافیوں میر بلاج، عظمیٰ خان، شکیل جاوید، آصف جاوید اور حسنین احسن کو پریس ڈیوٹی کارڈز تفویض کیے گئے۔ تقریب کے دوران ایڈیٹر تجمل عباس بھٹی نے کہا کہ وائس آف ایشیا میڈیا گروپ صحافت کے اعلیٰ معیارات اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو ترجیح دیتا ہے۔ انہوں نے نئے کارڈ ہولڈرز کو نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ کارڈز انہیں میدان صحافت میں مزید مؤثر کردار ادا کرنے میں مدد دیں گے۔ قانونی مشیر محمد احمد بھٹی نے بھی شرکاء کو مخاطب کرتے ہوئے میڈیا اداروں کے قانونی حقوق اور ذمہ داریوں پر روشنی ڈالی اور کہا کہ پریس کارڈز صحافیوں کے پیشہ ورانہ تحفظ اور آزادانہ رپورٹنگ کا ذریعہ ہیں۔ تقریب میں موجود صحافیوں نے وائس آف ایشیا میڈیا گروپ کی قیادت کا شکریہ ادا کیا اور عہد کیا کہ وہ اپنے فرائض دیانتداری اور پیشہ ورانہ اصولوں کے مطابق انجام دیں گے۔

بابا بلھے شاہ ہسپتال قصور کو ٹیچنگ ہسپتال کا درجہ دینے کی ضرورت

تقریباً 44 لاکھ آبادی کے مقابلے میں ایک بڑے سرکاری ہسپتال پر مریضوں کا دباؤ بھی ایک اہم مسئلہ ہے

قصور (وائس آف ایشیا) قصور بابا بلھے شاہ ہسپتال میں جب سے ایم ایس ڈاکٹر رضا سہیل نے چارج سنبھالا ہے، ہسپتال بہتری کی جانب گامزن ہے۔ ہسپتال میں طبی سہولیات کی بہتری اور عوام کو بہتر علاج کی فراہمی کے لیے اقدامات قابل ذکر ہیں تاہم قصور کی تقریباً 44 لاکھ آبادی کے مقابلے میں ایک بڑے سرکاری ہسپتال پر مریضوں کا دباؤ بھی ایک اہم مسئلہ ہے۔ ایم ایس ڈاکٹر رضا سہیل کے مطابق قصور کی آبادی زیادہ ہونے کی وجہ سے ہسپتال پر مریضوں کا بوجھ بڑھ جاتا ہے۔ اگر بابا بلھے شاہ ہسپتال کو ٹیچنگ ہسپتال کا درجہ دے دیا جائے تو ماہر ڈاکٹروں، جدید طبی مشینری، مختلف شعبہ جات اور علاج کی مزید سہولیات میں اضافے کے امکانات پیدا ہوں گے، جس سے قصور اور گردونواح کے عوام کو اپنے شہر میں ہی بہتر علاج کی سہولت میسر آسکتی ہے حکومت پنجاب، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اور وزیر صحت پنجاب سے مطالبہ ہے کہ قصور کی آبادی اور عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے بابا بلھے شاہ ہسپتال کو ٹیچنگ ہسپتال بنانے کی تجویز پر سنجیدگی سے غور کیا جائے۔ 44 لاکھ جبکہ قصور کی عوام کا مطالبہ ہے کہ قصور کو جدید طبی سہولیات دیں، بابا بلھے شاہ ہسپتال کو ٹیچنگ ہسپتال بنائیں



بلدیہ نے شہر کو تجاوزات سے پاک کرنے کیلئے کارروائیوں کا دائرہ کار وسیع کر دیا

بلدیہ عظمیٰ لاہور نے کارروائیوں دوران 24 غیر قانونی اشیاء تحویل میں لے لی



لاہور (خبر نگار) شہر میں بڑھتے ہوئے ٹریفک کے مسائل اور شہریوں کی مشکلات کے پیش نظر بلدیہ عظمیٰ لاہور نے شہر کو تجاوزات سے پاک کرنے کے لیے اپنی کارروائیوں کا دائرہ کار مزید وسیع کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں بلدیہ عظمیٰ لاہور کے شعبہ ریگولیشن نے نشتر زون کی مختلف اہم شاہراہوں اور بازاروں میں تجاوزات کے خلاف ایک بھرپور اور فیصلہ کن آپریشن کیا ہے، جس کے دوران 24 غیر قانونی اشیاء تحویل میں لے لی گئی ہیں۔ ایڈمنسٹریٹر بلدیہ عظمیٰ لاہور کی خصوصی ہدایات پر عمل میں لائی گئی، جن کا مقصد بازاروں اور فٹ پاتھوں کو تجاوزات سے مکمل طور پر واگزار کرانا ہے۔ آپریشن کے دوران سرکاری راستوں، سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر ناجائز قبضے قائم کرنے پر سخت ایکشن لیتے ہوئے 8 غیر قانونی رکشے، 8 ریڑھیاں اور 8 تجاوزاتی کاؤنٹرز موقع سے ضبط کر لیے گئے۔ شعبہ ریگولیشن کے حکام کا کہنا ہے کہ ان کارروائیوں کا بنیادی مقصد شہر کی اہم سڑکوں پر ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانا اور پیدل چلنے والوں بالخصوص خواتین اور بچوں کے لیے راستوں کو محفوظ بنانا ہے۔ انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ شہر کو تجاوزات سے پاک کرنے کے لیے یہ مہم کسی دباؤ یا سفارش کے بغیر بلا امتیاز جاری رہے گی اور اس بات کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی کہ کوئی بھی شخص یا دکاندار سرکاری جگہ پر قبضہ کر کے عام شہریوں کے لیے مشکلات کا باعث بنے۔ بلدیہ عظمیٰ نے تمام تاجروں اور دکانداروں کو سخت تنبیہ کی ہے کہ وہ اپنی دکانوں کی حدود کے اندر رہیں بصورت دیگر سخت قانونی کارروائی اور جرمانے عائد کیے جائیں گے۔ انتظامیہ نے شہریوں اور تاجر برادری سے اپیل کی ہے کہ وہ لاہور کی خوبصورتی اور نظم و ضبط کو برقرار رکھنے کے لیے بلدیہ عظمیٰ کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔

اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور اسامہ امانت نے زیر تعمیر انڈر گراؤنڈ واٹر سٹوریج ٹینک (UGST) سائٹ کا تفصیلی معائنہ کیا



دیپالپور (ارشاد احمد شاد سے) پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام! اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور اسامہ امانت نے زیر تعمیر انڈر گراؤنڈ واٹر سٹوریج ٹینک (UGST) سائٹ کا تفصیلی معائنہ کیا اور جاری تعمیراتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ متعلقہ انجینئرز اور حکام نے منصوبے کی موجودہ صورتحال پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ واٹر سٹوریج ٹینک کی مرکزی دیوار پر کام آخری مراحل میں ہے اور ان شاء اللہ کل شام تک چاروں دیواروں کی ساخت مکمل کر لی جائے گی۔ تحصیل بھر میں وزیراعلیٰ پنجاب کے پی ڈی پی تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر تیز رفتاری سے کام جاری ہے۔ منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے مؤثر مانیٹرنگ کا عمل جاری ہے، جبکہ تعمیراتی معیار، شفافیت اور معیاری میٹریل کے استعمال کو ہر صورت یقینی بنایا جا رہا ہے۔

بے وفائی کی دس نشانیاں، کہیں ہم بھی ان میں شامل تو نہیں؟



تحریر: اختر علی مہر

انسان کی زندگی صرف عبادات کا نام نہیں، بلکہ اللہ تعالیٰ کے حقوق کے ساتھ بندوں کے حقوق، رشتوں کی پاسداری، علم کی محبت اور مخلوق خدا سے حسن سلوک بھی ایمان کا اہم حصہ ہیں۔ بعض اوقات انسان بڑے بڑے نیک اعمال تو کرتا ہے، لیکن روزمرہ زندگی کی ایسی چھوٹی چھوٹی کوتاہیاں کر بیٹھتا ہے جو اس کے اخلاق کردار پر سوالیہ نشان بن جاتی ہیں۔ دس باتیں بے وفائی اور بے مروتی میں شمار ہوتی ہیں۔

پہلی بات یہ ہے کہ انسان اپنے لیے تو دعائیں مانگے مگر والدین اور دوسرے مسلمانوں کو اپنی دعاں میں یاد نہ رکھے، حالانکہ قرآن کریم میں دعا سکھائی گئی ربنا اغفر لی ولوالدی وللمؤمنین سورہ ابراہیم: 41۔ دوسری یہ کہ قرآن کریم کی تلاوت کرے مگر روزانہ پڑھنے کا معمول نہ بنائے۔ تیسری یہ کہ مسجد میں داخل ہو اور دو رکعت نفل پڑھے بغیر واپس چلا جائے۔ چوتھی یہ کہ قبرستان سے گزرے مگر اہل قبور کو سلام اور ان کے لیے دعا نہ کرے۔ پانچویں یہ کہ جمعہ کے دن شہر میں موجود ہو مگر نماز جمعہ ادا کیے بغیر واپس چلا جائے۔

چھٹی یہ کہ کسی محلے میں عالم دین تشریف لائیں اور لوگ ان سے علم دین حاصل کرنے کی کوشش نہ کریں۔ ساتویں یہ کہ دو افراد ایک دوسرے کے ساتھی بنیں مگر ایک دوسرے کا نام تک معلوم نہ کریں۔ آٹھویں یہ کہ کوئی دعوت دے اور بلا عذر اس کی دعوت قبول نہ کی جائے۔ نویں یہ کہ انسان کو فرصت اور جوانی میسر ہو مگر وہ علم و ادب حاصل کرنے کے بجائے اپنا قیمتی وقت ضائع کردے۔ دسویں یہ کہ انسان خود پیٹ بھر کر کھائے مگر اس کا ہمسایہ بھوکا رہے اور وہ اس کی خبر تک نہ لے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے، اسے چاہیے کہ اپنے پڑوسی کے ساتھ اچھا سلوک کرے۔ صحیح بخاری: 6018، صحیح مسلم: 47

یہ دس باتیں محض پڑھنے کے لیے نہیں بلکہ اپنے کردار کا جائزہ لینے کے لیے ہیں۔ ذرا سوچیے کیا ہماری دعاں میں والدین ہیں کیا ہمارے معمولات میں قرآن ہے کیا ہمارے دل میں پڑوسی کی بھوک کا احساس ہے کیا ہم علم والوں کی قدر کرتے ہیں۔ یاد رکھیے وفاداری صرف زبان سے محبت کا اظہار نہیں، بلکہ اپنے رب، اپنے والدین، اپنے رشتوں، اپنے پڑوسیوں اور پوری امت کے حقوق ادا کرنے کا نام ہے۔ کامیاب انسان وہ نہیں جو صرف اپنے لیے جیتا ہے بلکہ وہ ہے جس کی زندگی دوسروں کے لیے بھی خیر اور آسانی کا ذریعہ بن جائے۔

مہنگائی کی مار، غربت کا حصار



غربت صرف خالی جیب، خالی چولہے یا راشن کے ختم ہو جانے کا نام ہی نہیں۔ یہ انسان سے اس کا اطمینان، خود اعتمادی، خواب اور مستقبل کا یقین بھی چھین لیتی ہے۔ جب مہنگائی آمدن سے کئی گنا تیزی سے بڑھنے لگے، روزگار کے مواقع محدود ہو جائیں، بچوں کی تعلیم، علاج، بجلی، گیس، پٹرول اور گھر کا کرایہ آمدن کا بڑا حصہ نگل جائیں تو پھر غربت ایک معاشی مسئلہ ہی نہیں رہتی بلکہ پورے معاشرے کا المیہ بن جاتی ہے۔

پاکستان میں غربت اور معاشی عدم مساوات کے حوالے سے سامنے آنے والے اعداد و شمار اسی تلخ حقیقت کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ عالمی بینک کی رپورٹ کے مطابق ملک میں غربت کی شرح 2019ء میں 22 فیصد تھی جو 2025ء میں بڑھ کر 29 فیصد ہو گئی۔ یعنی چند برسوں میں غربت میں سات فیصد اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق مہنگائی، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ، ...

جس کی آمدن پہلے ہی محدود ہو۔ ایک صاحب ثروت خاندان کے لیے آٹے، دال، بجلی یا پٹرول کی قیمت میں چند روپے کا اضافہ شاید بجٹ کو زیادہ متاثر نہ کرے، لیکن دیہاڑی دار، مزدور، کم تنخواہ دار ملازم یا پنشنر کے لیے یہی اضافہ گھر کے کسی دوسرے بنیادی خرچ کو قربان کرنے پر مجبور کر دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج ایک عام گھرانے کا بجٹ صرف حساب کتاب کی مشق نہیں رہا بلکہ روزانہ کی بنیاد پر ترجیحات طے کرنے کی جنگ بن چکا ہے۔ بچوں کی فیس دینی ہے یا بجلی کا بل؟ دوا خریدنی ہے یا راشن پورا کرنا ہے؟ گھر کا کرایہ ادا کرنا ہے یا پٹرول ڈلوانا ہے؟ یہ سوال لاکھوں خاندانوں کے ...

مساوات بالآخر معاشرتی بے چینی، احساس محرومی اور طبقاتی فاصلے کو جنم دیتی ہے۔

ریاست کا فرض صرف معیشت کے بڑے اعداد بہتر کرنا نہیں بلکہ یہ دیکھنا بھی ہے کہ عام شہری کی زندگی میں کیا بہتری آئی۔ اگر قومی پیداوار بڑھ رہی ہو مگر مزدور کی حقیقی آمدن کم ہو رہی ہو، اگر سرمایہ کاری بڑھ رہی ہو مگر نوجوان کو روزگار نہ مل رہا ہو، اگر شہروں میں بلند عمارتیں بن رہی ہوں مگر غریب بستیوں میں پینے کا صاف پانی میسر نہ ہو تو ہمیں اپنے ترقی کے تصور پر دوبارہ غور کرنا ہوگا۔

ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ غربت کا مستقل حل صرف راشن تقسیم کرنا، وظیفے دینا یا وقتی مالی ...

مشکلات کا سامنا ہو، جبکہ مراعات یافتہ طبقات کو مختلف سہولتیں میسر ہوں تو معاشرے میں احساس محرومی بڑھتا ہے۔

ریاست کو اپنی ترجیحات پر نظرثانی کرنا ہوگی۔ غیر ضروری سرکاری اخراجات، مراعات، شاہانہ طرز زندگی اور وسائل کے غیر مساوی استعمال کو محدود کر کے عوامی سہولتوں پر زیادہ خرچ کیا جائے۔ ٹیکس کا نظام بھی ایسا ہونا چاہیے جس میں بوجھ صرف تنخواہ دار اور کمزور طبقات پر نہ پڑے بلکہ صاحب ثروت طبقات بھی اپنی حقیقی استطاعت کے مطابق حصہ ڈالیں۔

مہنگائی پر قابو پانے کے لیے صرف قیمتوں کی فہرستیں جاری کرنا کافی نہیں۔ ذخیرہ اندوزی، ناجائز منافع خوری، اسمگلنگ، مصنوعی قلت اور ناقص سپلائی چین کے خلاف مؤثر کارروائی ضروری ہے۔ زرعی پیداوار سے لے کر منڈی اور صارف تک اشیائے ...

... یہ اعداد محض کاغذ پر لکھی ہوئی تعداد نہیں۔ ان میں کروڑوں انسان بستے ہیں۔ ہر عدد کے پیچھے ایک گھر ہے، ایک خاندان ہے، بچوں کی آنکھوں میں مستقبل کے خواب ہیں، ایک باپ کی پریشانی ہے، ایک ماں کی بے بسی ہے اور نوجوانوں کی وہ نسل ہے جو تعلیم مکمل کرنے کے بعد بھی روزگار کی تلاش میں در بدر پھر رہی ہے۔

مہنگائی کا سب سے زیادہ اثر اس شخص پر پڑتا ہے ...

... آمدن کتنی بڑھی یا زرمبادلہ کے ذخائر میں کتنا اضافہ ہوا۔ اصل سوال یہ ہے کہ اس ترقی کا فائدہ عام آدمی تک کتنا پہنچا؟

جب ایک طرف معاشرے کا ایک طبقہ آسائشوں کے نئے معیار قائم کر رہا ہو اور دوسری طرف کروڑوں لوگ بنیادی ضروریات پوری کرنے کے لیے پریشان ہوں تو معاشی عدم مساوات بڑھتی ہے۔ یہی عدم ...

... باعزت اجرت اور ملازم کو روزگار کا تحفظ دینا ہوگا۔ اگر محنت کرنے والا شخص اپنی بنیادی ضروریات پوری نہ کر سکے تو پھر معاشی پالیسی کے نتائج پر سوال اٹھنا لازمی ہے۔

غربت کے خاتمے کے لیے ایک اور بنیادی شرط معاشی انصاف ہے۔ جب عام شہری ٹیکس ادا کرے اور اسے بجلی، گیس، تعلیم، صحت اور سفری سہولتوں کے لیے ...

... ملے، بچے معیاری تعلیم حاصل کریں، بیمار کو علاج کی سہولت دستیاب ہو اور ایک عام گھرانے کو یہ خوف نہ ہو کہ اگلے مہینے کا خرچ کیسے پورا ہوگا۔

پاکستان کے پالیسی سازوں کو یہ حقیقت سمجھنا ہوگی کہ غریب کو صرف زندہ رکھنا کافی نہیں، اسے باعزت زندگی دینا بھی ریاست کی ذمہ داری ہے۔

افغانستان، داعش کی واپسی دنیا کب جاگے گی؟ ۔۔۔۔۔ تحریر: حمید علی



دنیا کی توجہ جب جنگوں کے شعلوں اور عالمی طاقتوں کی کشمکش پر مرکوز ہو تو بعض خطرات خاموشی سے اپنی جڑیں گہری کرنے لگتے ہیں۔ افغانستان میں داعش خراسان کی موجودگی اور اس کے ممکنہ پھیلاؤ کے حوالے سے سامنے آنے والی اطلاعات ایک ایسا ہی خطرے کا الارم ہیں جسے نظرانداز کرنا پورے خطے کے امن کو داؤ پر لگانے کے مترادف ہو سکتا ہے۔ مشرق وسطیٰ میں کشیدگی اور ایران امریکہ تصادم کے ...

... کے نظریے اور نیٹ ورک کا مکمل خاتمہ نہیں تھا۔ تنظیم نے مختلف خطوں میں اپنی شاخوں اور وابستہ گروہوں کے ذریعے سرگرمیاں جاری رکھنے کی کوشش کی۔ داعش خراسان بھی اسی نیٹ ورک کی ایک علاقائی شاخ ہے جس کا نام تاریخی خطے خراسان سے منسوب ہے۔

داعش خراسان 2015 میں افغانستان میں ابھری۔ اس میں مختلف انتہا پسند گروہوں سے وابستہ افراد ...

... پار روابط بھی ان کی قوت کا حصہ ہوتے ہیں۔ کسی تنظیم کی جغرافیائی پسپائی اس کے نظریاتی اور عملی خطرے کے خاتمے کی ضمانت نہیں ہوتی۔

پاکستان اس صورت حال سے الگ نہیں رہ سکتا۔ اسلام آباد طویل عرصے سے افغانستان میں موجود بعض دہشت گرد عناصر اور پاکستان میں ہونے والے حملوں کے درمیان روابط کے بارے میں تحفظات ظاہر کرتا رہا ہے۔ ...

... کہ ایک مشترکہ اور قابل عمل حکمت عملی اپنانے کی ہے۔ افغانستان کے ہمسایہ ممالک کو انٹیلی جنس معلومات کے تبادلے، سرحدی نگرانی، دہشت گردوں کی مالی معاونت روکنے اور مشتبہ نقل و حرکت کی مؤثر جانچ کے لیے تعاون بڑھانا چاہیے۔ اقوام متحدہ اور متعلقہ عالمی اداروں کو داعش خراسان کی صلاحیت، بھرتی کے نیٹ ورک اور ممکنہ بین الاقوامی روابط کی نگرانی جاری رکھنی چاہیے۔ طالبان ...

[illegible]

جاہلوں کی دنیا ہی الگ ہے (ادب کی دنیا میں بے ادب لوگ دیکھے ہیں میں نے) ۔۔۔۔ تحریر: زکیر احمد بھٹی



جاہلوں کی دنیا ہی الگ ہوتی ہے۔ ایسے لوگوں میں دلیل نہیں؛ انا بولتی ہے، حق نہیں ضد جیتتی ہے۔ میں نے ادب کی دنیا میں ایسے بہت سے بے ادب لوگ دیکھے ہیں جو خود کو ادیب کہلواتے ہیں لیکن ان کے اندر ادب نام کی کوئی چیز نہیں۔ ایسے نام نہاد ادیب کے پاس سب سے بڑا ہتھیار بلاوجہ کی تنقید ہے۔ وہ بغیر سوچے سمجھے اور بغیر تحقیق کے ہر اچھے کام پر انگلی اٹھائے گا۔ اگر کوئی ادارہ ...

... سکتے ہیں۔ کسی کی سالوں کی محنت کو ٹھیس پہنچا سکتے ہیں۔

اصل تماشا تب شروع ہوتا ہے جب سامنے والا ان کو جواب دے دے۔ جب تک آپ خاموش رہتے ہیں، ایسے لوگ شیر بنے رہتے ہیں۔ جیسے ہی آپ نے جواب دے دیا تو ان کی برداشت ختم ہو جاتی ...

سوشل میڈیا ایک دو طرفہ سڑک ہے۔ اگر ایک راستہ جاتا ہے تو دوسری جانب سے راستہ واپسی کی جانب بھی آتا ہے۔ اگر آپ کسی کو سامنے سے پتھر ماریں گے تو سامنے والا آپ کو پھول تو پیش نہیں کرے گا۔ سامنے سے بھی جواب ہی آئے گا۔ اگر آپ کو ...

کہ وہ بولتے رہیں اور باقی سب سنتے رہیں۔ وہ لکھتے رہیں اور سب واہ واہ کرتے رہیں۔ جیسے ہی کوئی اختلاف کرے وہ اسے اپنا دشمن بنا لیتے ہیں۔ اس کے خلاف محاذ کھول لیتے ہیں۔ لوگوں کو اس کے خلاف بھڑکانا شروع کر دیتے ہیں۔

ایسے لوگوں سے میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں: خدارا اپنے گریبان میں جھانکو اگر آپ کو دوسروں پر تنقید ...

[illegible]

بقیہ نمبر 1

[illegible]

بقیہ نمبر 2

[illegible]

بقیہ نمبر 3

[illegible]

بقیہ نمبر 4

[illegible]

بقیہ نمبر 5

[illegible]

بقیہ نمبر 6

[illegible]

بقیہ نمبر 7

[illegible]

بقیہ نمبر 8

[illegible]

بقیہ نمبر 9

[illegible]

بقیہ نمبر 10

[illegible]

بقیہ نمبر 11

[illegible]

بقیہ نمبر 12

[illegible]

بقیہ نمبر 13

[illegible]

بقیہ نمبر 14

[illegible]

بقیہ نمبر 15

[illegible]

بقیہ نمبر 16

[illegible]

بقیہ نمبر 17

[illegible]

بقیہ نمبر 18

[illegible]

وائس آف ایشیامیڈیا گروپ کی جانب سے صحافیوں میں پریس ڈیوٹی کارڈز تقسیم

انہوں نے نئے کارڈ ہولڈرز کو نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ کارڈز انہیں میدان صحافت میں مزید موثر کردار ادا کرنے میں مدد دیں گے



لاہور (نامہ نگار) وائس آف ایشیامیڈیا گروپ ... میدان صحافت میں مزید موثر کردار ادا کرنے میں مدد ...

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹرز کی زیرصدارت ڈسٹرکٹ ڈرگ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا



ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کا ملتان روڈ کا دورہ



ڈپٹی کمشنر کی زیرصدارت ترقیاتی سکیموں اور گندم کاشت اہداف پر اجلاس، کام تیز کرنے کی ہدایت



آوارہ کتوں کے کاٹنے سے خواتین بچوں سمیت چھ افراد زخمی ہوگئے



ہلالی خان واہن اور مورو میں ڈکیتی کی وارداتیں، بزرگ تاجر سے 3 لاکھ لوٹ لیے گئے



محراب پور بلدیاتی کمیٹی سے لاکھوں روپے مالیت کے سولر پول غائب، میونسپل کمیٹی پر تحقیقات کا مطالبہ



اسسٹنٹ کمشنر جواد حسین ملک کا لطل اسٹارز ہوم 515 ای بی کا دورہ

اس موقع پر بچوں کی رہائش، کھانے پینے، صفائی ستھرائی، صحت و نگہداشت اور تعلیمی سہولیات کا جائزہ لیا



بوریوالا (محمد نعیم سے) یتیم بچوں کی کفالت، تعلیم وتربیت اور روشن مستقبل کے لیے 515 ای بی میں قائم ... سہولیات کا جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ادارے کی انتظامیہ کی جانب سے یتیم بچوں کی کفالت، بہترین تعلیم و ...

ڈی پی او تصور اقبال کی قیادت میں پولیس متحرک، ایس ایچ او حسن آفتاب کیانی



گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی کے پرنسپل احمد شعیب اسلام کی 49 ویں سالگرہ جوش و خروش سے منائی گئی



بہترین کارکردگی پر سب انسپکٹر رانا سجاد کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام دیا گیا



فراز گراؤنڈ جھگڑا واقعہ سیالکوٹ پولیس کی فوری کارروائی 6 ملزمان گرفتار مقدمہ درج

ٹریفک حادثے میں خاتون جاں بحق، دو افراد زخمی ہوگئے



شوہر کے حملے میں زخمی بیوی دوران علاج زندگی کی بازی ہار گئی

پشاور، پاک ایران ثقافتی تعاون کے معاہدے میں اہم پیش رفت کریبلا آرٹ ایسوی ایشن تیسرا فریق بن گئی

تقریب کے اختتام پر کریبلا آرٹ ایسوی ایشن کی سینئر وائس چیئرپرسن محترمہ نوشابہ بی بی نے اظہار تشکر اور اختتامی کلمات ادا کیے



پشاور (نامہ نگار) خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران پشاور اور کریبلا آرٹ ایسوی ایشن رجسٹرڈ، خیبر ... سرگرمیوں کے انعقاد میں اپنی ذمہ داریاں ادا کرے گی۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت دونوں اطراف سے ...

پارلیمانی سیکرٹری کلثوم مہدی کا انتخاب کے بعد پہلی بار داسو حرامؤش کا دورہ



جرائم پیشہ عناصر کو نشان عبرت بنائیں گے شہریوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے، ایس ایچ او



سبزی و فروٹ منڈی ریلوے اراضی پر منتقل کرنے کی تیاریاں آخری مراحل میں داخل ہوگئی



چیئرمین مجلس عاملہ پریس کلب مسعود خان کے چچا کے والد کی نماز جنازہ ادا، سینکڑوں افراد کی شرکت



رکھ حملہ میں شہد فیکٹری کا شہری پر تشدد میاں بیوی کو دو گھنٹے یرغمال بنا کر 10 ہزار وصول کر لیے

جامعہ قاسمیہ غلام محمد آباد میں آج تحفظ حرمین شریفین کانفرنس ہوگی

اہل اسلام اور حرمین شریفین سے محبت کرنے والوں سے بھرپور شرکت کی اپیل ہے۔ کارکنان سے خصوصی ہدایت: تمام قائدین صبح 10 بجے گول مسجد میں جمع ہوں گے



فیصل آباد (ساجد علی سے) مرکزی علماء کونسل پاکستان کے زیراہتمام آج جامعہ قاسمیہ غلام محمد آباد میں تحفظ حرمین شریفین کانفرنس منعقد ہوگی کانفرنس ان شا اللہ صبح 10 بجے بمقام جامعہ قاسمیہ، مولانا ضیاء القاسمی روڈ منعقد ہورہی ہے جس میں سفیر امن، شہزادہ اہل سنت، وکیل صحابہ و اہل بیت حضرت مولانا احمد لدھیانوی صاحب مولانا طاہر اشرفی صاحب مولانا زاہد محمود قاسمی ...

وہاڑی کے بھٹہ خشت بیماریوں اور ماحولیاتی آلودگی کا سبب بننے لگے



بورے والا: 513 ای بی میں شاندار کبڈی میلہ، مظہر فرید گجر کی خصوصی شرکت




ڈاکٹر ذوالفقار علی کورائی کا ڈسٹرکٹ پریس کلب رحیم یار خان کا دورہ، صحافیوں سے ملاقات



ممتاز روحانی شخصیت سید جاوید کرمانی کا صحافیوں اور وکلا کے اعزاز میں عشائیہ اہتمام کیا گیا



سابق صدر ضیاء الحق شہید کی ملک و قوم کے لیے خدمات ناقابل فراموش ہیں



مکہ دفاعی معاہدہ دنیا کا طاقتور اتحاد ثابت ہوگا بھارت کا تقیدہ ... چوہدری نذیر احمد آرائیں

